26اپریل2016ء

زری اور قرضہ جاتی ڈیٹا میں اسلامی فنانسنگ اور متعلقہ اثاثوں کی دوبارہ درجہ بندی

اسٹیٹ بینک نے اپنے 2013ء کے سرکلر کے ذریعے تمام بینکوں کو ہدایت کی ہے کہ 'دیگر اثاثوں' کے تحت فنانسنگ کے اسلامی طریقوں کے متعلق ہر قسم کی فنانسنگ، ایڈوانسز (مرابحہ وغیرہ پر)، ذخائر اور دیگر متعلقہ اجزا 31دسمبر 2012ء سے جدولی بینکوں کے سالانہ، ششماہی اور سہ ماہی مالی گوشواروں میں 'اسلامی فنانسنگ اور متعلقہ اثاثوں کا حصہ ہوں گے۔ زری (monetary) اور قرضہ جاتی ڈیٹا کو نظر ثانی شدہ تعریف سے ہم آہنگ بنانے کے لیے اسلامی فنانسنگ اور متعلقہ اثاثے جن کی درجہ بندی پہلے دیگر اثاثوں میں کی گئی تھی، ان کی دوبارہ درجہ بندی تمام شماریاتی گوشواروں میں قرضے/ ایڈوانسز کے طور پر کی گئی۔ اسی طرح زری مجموعوں (monetary aggregates) کے ہفتہ وار ڈیٹا اور زرِ وسیع (broad money) کے ہفتہ وار خاکے پر نظر ثانی کی گئی ہے۔

زر اور قرضے سے متعلق تمام ماہانہ ڈیٹا جو اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ اور دیگر مطبوعات کے ذریعے شائع کیا جاتا ہے، اس پر بھی جنوری 2013ء سے نظر ثانی کی جائے گی۔

زرِ وسیع (M2) کے ہفتہ وار خاکے کے بارے میں نظر ثانی شدہ جدول اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ پر ملاحظہ کیا جاسکتا ہے:

http://www.sbp.org.pk/ecodata/BroadMoney_M2.pdf

دوبارہ درجہ بندی/نظر ثانی کی تفصیلات اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ پر revision study میں دستیاب ہیں۔

www.sbp.org.pk/ecodata/Revision_Monetary_Stats.pdf

****